بدعات کے خلاف
سو فتوے
اہل سنت میں رائج جاہلانہ رسومات کا رد
کی تعلیمات کی روشنی میں سو فتوے
تالیف
مولانا محمد شہزاد ترابی قادری

اہلسنت میں رائج جاہلانہ رسومات کا رد امام اہلسنت امام احمد رضا کی تعلیمات کی روشنی میں

بدعات کے خلاف

امام احمد رضا خان بریلوی کے

۱۰۰ سو فتوے

تالیف

مولانا محمد شہزاد ترابی قادری

زاویہ پبلشرز

8-C علی الدین بلڈنگ ۴۰ دربار مارکیٹ لاہور

فون 042-7248657

موبائل: 0300-9467047 - 0300-4505456

Email zaviapublishers@yahco.com

2010ء

بار اول 1000

قیمت 100

زیر اہتمام ..... نجابت علی تارڑ

﴿لیگل ایڈوائزرز﴾

رائے صلاح الدین کھرل ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-7842176

محمد کامران حسن بھٹہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-8800339

﴿ملنے کے پتے﴾

اسلامک بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی 051-5530111
احمد بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی 051-5558320
کتاب گھر، کمیٹی چوک، راولپنڈی 051-5552929
مکتبہ بابا فرید، چوک چٹی قبر، پاکپتن شریف 0301-7241723
مکتبہ قادریہ، پرانی سبزی منڈی، کراچی 0213-4944672
مکتبہ برکات المدینہ، بہادر آباد، کراچی 0213-4219324
مکتبہ رضویہ، آرام باغ، کراچی 0213-2216464
مکتبہ ضیائیہ، کمیٹی چوک، اقبال روڈ، راولپنڈی 051-5534669
مکتبہ سخی سلطان، حیدر آباد 0321-3025510
مکتبہ قادریہ، سرکلر روڈ گوجرانوالہ 055-4237699
علامہ فضل حق پبلیکیشنز، دربار مارکیٹ، لاہور 0300-4798782
کتب خانہ حاجی مشتاق احمد، بوہڑ گیٹ ملتان 061-4545486

فاؤنڈیشن لاہور)

حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا ملک الموت سے زنبیل ارواح چھین لینے والا واقعہ

سوال: کہا جاتا ہے کہ زنبیل ارواح کی عزرائیل علیہ السلام سے حضرت پیران پیر نے ناراض اور غصہ میں ہو کر چھین لی تھی؟

جواب: زنبیل ارواح (روحوں کا تھیلا) چھین لینا خرافات جہال سے ہے۔ سیدنا عزرائیل علیہ السلام رسل ملائکہ سے ہیں اور رسل ملائکہ اولیاء بشر سے بالاجماع افضل ہیں تو مسلمانوں کو ایسی اباطیل واہیہ سے احتراز لازم ہے (فتاویٰ رضویہ جدید جلد 28 ص 419، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

روزہ مشکل کشا

امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ سے پوچھا گیا حضور اکثر عورتیں مشکل کشا علی کا روزہ رکھتی ہیں کیسا ہے؟

آپ نے جواباً ارشاد فرمایا روزہ خاص اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اگر اللہ تعالیٰ کا روزہ رکھیں اور اس کا ثواب مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کی نذر کریں تو حرج نہیں مگر اس میں یہ کرتی ہیں کہ روزہ آدھی رات تک رکھتی ہیں۔ شام کو افطار نہیں کرتیں۔ آدھی رات کے بعد گھر کا

کواڑ کھول کر کچھ دعا مانگتی ہیں۔ اس وقت روزہ افطار کرتی ہیں یہ شیطانی رسم ہے (فتاویٰ رضویہ جلد 4 ص 66)

داڑھی منڈوانے اور کتروانے والا فاسق

امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ داڑھی منڈوانے اور کتروانے والا شخص فاسق معلن ہے اور اس کو امام بنانا گناہ ہے (احکام شریعت جلد دوم ص 321، مطبوعہ میر محمد ہندوستان)

کھانا بیٹھ کر جوتے اتار کر کھانا چاہیے

آج کل دعوتوں میں منحوس روایت پیدا ہو گئی کہ لوگ کھڑے ہو کر کھانا کھاتے ہیں۔ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ایسے لوگوں کو یہ حدیث شریف یاد دلائی ہے جس میں حضور اکرم ﷺ نے بیٹھ کر اور جوتے اتار کر کھانے کا حکم دیا ہے
(فتاویٰ افریقہ ص 38 مطبوعہ کانپور ہندوستان)

کھڑے ہو کر پیشاب کرنا منع ہے

ہمارے نوجوانوں میں یہ بیماری کثرت سے پائی جاتی ہے کہ وہ کھڑے کھڑے پیشاب کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پیشاب کے چھینٹے ارد گرد اور کپڑوں پر پڑتے ہیں